SADIQ & HABEEB

**11.11.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ارجمند علی خان

------------------------------

**Music**

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی نوجوانوں کی صلاحیت سے پوری دنیا متاثر ہے۔ انہوں نے گجرات میں شری سوامی نارائن مندر کی 200 سالہ تقریبات سے خطاب کیا۔

☆ جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے انتخابی مہم کے آج آخری روز سبھی سیاسی پارٹیوں کے رہنما زور شور سے چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔

☆ جسٹس سنجیو کھنہ نے آج راشٹرپتی بھون میں بھارت کے 51 ویں چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف لے لیا ہے۔

☆ امریکہ کے منتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے روس کے صدر ولادیمیرپُتن پر زور دیا ہے کہ وہ یوکرین کے ساتھ جنگ کو بڑھانے سے گریز کریں۔

☆ اور...... آزربائیجان کے باکو میں اقوام متحدہ کی آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق کانفرنس COP-29 شروع ہوگئی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM Swaminarayan Mandir**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پوری دنیا بھارتی نوجوانوں کی صلاحیتوں کی جانب متوجہ ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر عالمی رہنما یہ امیدکرتے ہیں کہ بھارتی نوجوان اور ہنرمند افرادی قوت اُن کے ممالک میں کام کرے۔ گجرات کے Vadtal میں شری سوامی نارائن مندر کی 200 سالہ تقریبات کے ایک پروگرام سے آج صبح ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ عالمی سطح پر ہمارے نوجوانوں کی مانگ میں مزید اضافہ ہوگا۔

انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو ایک ترقی یافتہ بھارت کے لیے بااختیار بنا چاہیۓ اور ہنرمند نوجوان ملک کی سب سے بڑی طاقت بنیں گے۔

وزیراعظم نے ملک کے عوام پر زور دیا کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کے نظریے کو اپنائیں اور آئندہ 25 برس میں اس کی حصولیابی کے لیے سرگرمی سے تعاون کریں۔

وزیرِاعظم نے تعلیم، ہنرمندی کے فروغ، نشے کی لت سے نجات دلانے اور روحانیت اور جدیدیت کو بروئے کار لاتے ہوئے نئ نسل کی تعمیر کے سلسلے میں سوامی نارائن کی گراں قدر خدمات کی بھی ستائش کی۔
اپنی حکومت کے 'وِکاس بھی اور وراثت بھی' کے بنیادی فلسفے کو دہراتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ملک اپنی وراثت اور میراث کا تحفظ کیے بغیر ترقی نہیں کرسکتا۔
یہ تقریبات جو 7 نومبر کو Pothi Yatra اور کلش یاترا سے شروع ہوئی تھیں 15 نومبر تک جاری رہیں گی۔

**Jharkhand Campaigning**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے پہلے دور کے لیے چناؤ مہم آج شام ختم ہورہی ہے۔ پہلے مرحلے میں بدھ کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ NDA اور INDIA بلاک کے سرکردہ رہنما اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہے ہیں۔ BJP کے اعلیٰ رہنما اور وزیرِاعظم نریندرمودی نے پارٹی کارکنوں سے کہا کہ جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین سرکار کو ہٹا دیں۔ جناب مودی نے الزام لگایا کہ جے ایم ایم کانگریس، آرجے ڈی اتحاد نے جھارکھنڈ میں بدعنوانیوں، غلط طرزحکومت اور مافیا کو بڑھاوا دیا۔ انھوں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ میرا بوتھ سب سے مضبوط پروگرام سے پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔
وزیرِاعظم نے مزید کہا کہ ریاست میں خوشحالی کے باوجود ترقی کا فقدان ہے اور بے روزگار بلندی پر ہے۔

**Jharkhand Polling Party**

جھارکھنڈ میں پولنگ عملے کو پولنگ مرکزوں پر بھیجنے کا کام آج سے شروع ہوگیا ہے۔ اعلیٰ چناؤ افسر کے روی کمار نے بتایا کہ پانچ اضلاع کے 225 پولنگ مرکزوں پر چناؤ عملہ روانہ کیا گیا ہے۔اِن میں مغربی سنگھ بھوم ، لتیہار، Lohardaga ، گرُھوا اور گُملا شامل ہیں۔ اِن پولنگ مرکزوں کو حساس مانا جاتا ہے۔ جناب کمار نے بتایا کہ پولنگ عملے کو پہنچانے کیلئے بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹر استعمال کیے گئے ہیں۔
اعلیٰ چناؤ افسر نے کہا کہ کل دیگر پولنگ مرکزوں پر چناؤ عملہ بھیجا جائے گا۔ اِس مرحلے میں اِس مہینے کی 13 تاریخ کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

**Assam Bypolls**

آسام اسمبلی کی پانچ سیٹوں کے ضمنی چناؤ کیلئے انتخابی مہم آج شام ختم ہوجائے گی۔ چناؤ میدان میں 34 امیدوار ہیں۔ مختلف جماعتوں کے اعلیٰ رہنما عام جلسوں اور ریلیوں کے ذریعے ووٹروں کو اپنے حق میں راغب کرنے کیلئے آخری لمحات کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ Dholai میں آٹھ، Samaguri میں گیارہ اور Sidli اسمبلی حلقے میں تین امیدوار قسمت آزمائی کررہے ہیں۔ دوسری طرف Bongaigaon سیٹ پر آٹھ اور Behali میں چار امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔x

**Jharkhand ECI Letter**

کانگریس نے، بی جے پی جھارکھنڈ یونٹ کی جانب سے اپنے سوشل میڈیا ہینڈل پر ایک اشتہار شیئر کیے جانے کے سلسلے میں انتخابی کمیشن سے رجوع کیا ہے۔ کمیشن کو ایک مکتوب میں پارٹی کے جنرل سکریٹری جے رام رمیش نے الزام لگایا کہ یہ اشتہار گمراہ کن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے مثالی ضابطۂ عمل کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔

جناب رمیش نے کہا کہ بی جے پی نے اپوزیشن رہنما کی شبیہ کو کم کرکے پیش کیا ہے۔ انہوں نے انتخابی ادارے سے اس اشتہار کو ہٹانے اور بی جے پی کے خلاف کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔

**PM Tribute**

وزیراعظم نریندرمودی نے آج آزاد بھارت کے پہلے وزیرتعلیم مولانا ابوالکلام آزاد اور مجاہد آزادی آچاریہ J.B کرپلانی کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیاہے۔ وزیراعظم مودی نے مولانا آزاد کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی جدوجہد آزادی میں اُن کے رول اور تعلیم کی ایک مشعل کے طور پر انہیں یاد رکھا جائے گا۔ جناب مودی نے کہا کہ وہ عظیم مفکر اور مایہ ناز مصنف تھے۔وزیراعظم مودی نے آچاریہ کرپلانی کو بھارت کی جدوجہد آزادی کی ایک قدآور شخصیت قرار دیا اور کہا کہ وہ دیانتداری قابلیت اور جرأت کا ایک مجسمہ تھے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ وہ جمہوری اقدار اور سماجی انصاف کے علمبردار تھے۔ x

**CJI Oath**

جسٹس سنجیو کھنہ کو آج بھارت کے 51 ویں چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف دلایا گیا۔ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون میں ایک تقریب میں انہیں اِس عہدے کا حلف دلایا۔ جسٹس سنجیو کھنہ جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی جگہ لیں گے، جو کل سبکدوش ہوئے ہیں۔ حلف برداری کی اِس تقریب میں نائب صدرجمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیراعظم نریندرمودی، کئی مرکزی وزراء، سپریم کورٹ کے جج اور دیگر شخصیات موجود تھیں۔x

**J&K Search Operation**

جموں وکشمیر میں سیکورٹی دستوں نے آج کشتواڑ ضلع کے متصل علاقوں اور Keshwan کے گھنے جنگلوں میں تلاشی کی اپنی کارروائی جاری رکھی ہوئی ہے۔ اِس علاقے میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کے ساتھ فائرنگ میں ایک فوجی افسر کی ہلاکت کے ایک دن کے بعد تلاشی کی کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ سیکورٹی اہلکار گزشتہ چار روز سے جنگل میں تلاشی کی کارروائی انجام دے رہے ہیں اور وہ گزشتہ جمعرات کو دہشت گردوں کی جانب سے گاؤں کی حفاظت پر معمور دو گارڈ کو اغوا کیے جانے اور ہلاک کیے جانے کے تناظر میں دہشت گردوں کی تلاش کررہے ہیں۔

کل Keshwan کے جنگلاتی علاقے میں سیکورٹی دستوں اور دہشت گردوں کے درمیان اُس وقت تصادم ہوا تھا جب فوج اور پولیس کی مشترکہ تلاش پارٹیوں نے دہشت گردوں کو روکا تھا۔

**J&K Fire**

جموں وکشمیر میں آج صبح سویرے کشتواڑ ضلع میں ایک خاتون اور اُس کے دو بچے اُس وقت آگ میں بری طرح جھلس کر ہلاک ہوگئے جب اُن کے گھر میں آگ لگ گئی۔

پولیس کے مطابق Drabshalla کے Badhat-Jashar گاؤں میں ایک مکان میں آج صبح سویرے ساڑھے چار بجے آگ لگ گئی اور یہ لوگ اُس کے اندر پھنس گئے۔ آگ لگنے کی وجہ ابھی معلوم نہیں ہوپائی ہے۔ تحقیقات جاری ہے۔

**Trup Putin Call**

امریکہ کے منتخبہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے حال ہی میں ٹیلی فون پر بات کی ہے۔ جناب ٹرمپ نے روس کے صدر پر زور دیا ہے کہ وہ یوکرین کے موجودہ تنازعہ کو نہ بڑھائیں۔ ٹیلی فون پر ہونے والی اِس گفتگو میں جناب ٹرمپ نے یوکرین میں لگ بھگ ڈھائی سال سے چلے آرہے تنازعہ کو حل کرنے اور کشیدگی دور کی غرض سے روس کے ساتھ مزید بات چیت کرنے میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا۔

اِس سے پہلے بدھ کو جناب ٹرمپ نے یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی کے ساتھ بھی بات کی تھی۔ بات چیت میں یوکرین کے صدر نے امریکہ کے نئے انتظامیہ کے ساتھ خطے میں امن و استحکام کے خاطر اشتراک کرنے کیلئے اپنی پرامیدی کا اظہار کیا۔x

**Scindia South Asian**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتی رادتیہ سندھیا نے کہا ہے کہ حکومت ملک میں الیکٹرونکس سازوسامان کی مینوفیکچرنگ کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔ آج نئی دلی میں جنوب ایشیائی ٹیلی مواصلاتی انضباطی کونسل کی 25 ویں میٹنگ کے افتتاح کے دوران انہوں نے یہ بات کہی۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ ملک کے تقریباً 99 اعشاریہ تین فیصد موبائل بھارت میں ہی مینوفیکچر ہورہے ہیں۔

**Cop 29**

آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی 29 ویں سالانہ کانفرنس COP-29، آذربائیجان کے شہر Baku میں شروع ہوگئی ہے۔ اِس دو ہفتے طویل کانفرنس میں، جسے "Finance COP" کانام دیا گیا ہے، آب وہوا سے، سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ملکوں کیلئے، آب وہوا سے متعلق نئے مالی نشانے مقرر کرنے پر خاص توجہ دی جائے گی۔ کانفرنس میں تقریباً 200 ملکوں کے نمائندے شرکت کریں گے، جن میں بھارت بھی شامل ہے۔ اِس میں عالمی سطح پر بڑھتے ہوئے درجۂ حرارت پر قابو پانے، پیرس سمجھوتے کو آگے بڑھانے اور آب وہوا کے مزاحمتی نظام کو مستحکم کرنے اور ترقی پذیر ملکوں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔x

**SL Wether**

خراب موسم کی وجہ سے بھارت اور سری لنکا کی **Nagapattionam** اور **Kankeshanthurai** کے درمیان کشتی رانی کی سروس روک دی گئی ہے۔ اِس سروس سے وابستہ ایک اعلیٰ عہدیدار **Niranjan Nandagopan** نے آکاشوانی کو بتایا کہ اِس مہینے اِس سروس کے شروع ہونے کے کم امکانات اور مانسون کے آغاز کی وجہ سے یہ کشتی سروس معطل کردی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ جنوری میں سمندری سطح کے بہتر ہونے کے بعد یہ سروس پھر سے شروع کی جائے گی۔

**Japan Cabinet**

جاپان کے وزیراعظم **Shigeru Ishiba** اور اُن کی کابینہ نے استعفیٰ دے دیا ہے۔ **Ishiba** کا حکمراں اتحاد جو لیبرل ڈیموکریٹک پارٹی اور **Komeito** پر مشتمل تھا، پچھلے مہینے کے عام انتخابات میں پارلیمانی اکثریت سے محروم ہوگیا ہے، جس کی وجہ سے انھوں نے یہ استعفیٰ دیا ہے۔ انھوں نے ملک کے نئے وزیر اعظم کیلئے پارلیمانی ووٹنگ سے کچھ ہی گھنٹے پہلے استعفیٰ دیا ہے۔ **x**

**Tennis ATP**

ٹینس میں آج رات اٹلی کے **Turin** میں بھارت کے سرکردہ کھلاڑی روہن بوپنا اور ان کے آسٹریلیا کے ساتھی کھلاڑی میتھیو ایبڈن **ATP** فائنلس میں اپنے مہم کا آغاز کریں گے۔ گروپ مرحلے کے اپنے افتتاحی مقابلے میں بھارت-آسٹریلیا کی جوڑی کا مقابلہ مردوں کے ڈبلز کے زمرے میں درجہ بندی میں چوتھی پوزیشن کی اٹلی کی جوڑی سے ہوگا۔
یہ میچ رات دس بجکر بیس منٹ سے کھیلا جائے گا۔

**xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx**